Remember too that abstinence from sin alone is not an accomplishment of any kind for man as thousands of worms, insects, animals and birds refrain from committing any sin, yet they are not considered to have attained communion with God. The question, therefore, is: 'How did the Messiah's expiation serve to enhance human spirituality?' Man is in need of two things in order to reach God: First, abstinence from evil; and second, the attainment of good deeds. Merely eschewing evil is no great feat. Thus, the crux of the matter is that these two forces have remained present in human beings ever since their creation: On the one hand carnal passions lure them towards sin, while on the other hand the fire of the love of God that is hidden in their nature incinerates the straws of sin much like physical fire incinerates the physical straws and dried leaves. But ignition of this spiritual fire that incinerates sins depends entirely on the cognition of God, because love and adornment for anything depends on acquiring its complete recognition. You cannot love something whose beauty and excellence you are unaware of. The knowledge of the beauty and excellence of the God of Honour and Glory ignites the fire of love for Him, which, in turn, consumes sin. It has always been the practice of Allah to grant such knowledge to mankind through His Prophets. Others get light from their light and acquire all the bounties that are bestowed on the Prophets by following them

Sadly, Christianity has the door of cognizance of God closed to its followers for it considers communion with God forever sealed and

heavenly Signs to have come to an end. How then is one to acquire a fresh understanding? One is left to ruminate past accounts. Surely, a faith whose 'God' is weak and helpless, and which is entirely dependent on fables and myths, is of no value to any intelligent person.

In the same way the Hindu faith, one branch of which is the Āryah sect, falls far short of the truth. According to them, every particle of this universe is primordial and without any Creator. Thus, the Hindus do not believe in the God without whom nothing came into existence and without whose support nothing can continue to exist. They also say that their Parmeshwar cannot forgive the sins of anyone. Such a belief implies that His moral condition is worse than of humans, for we are able to forgive those who transgress against us, and we find the strength in us to willingly forgive the one who sincerely admits his fault, shows deep remorse for his action, resolves to bring about a change in his conduct, and repents before us with contrition and humility. In fact, we experience joy in forgiving. How is it then that the Parmeshwar who claims to be God, lacks this noble virtue when those who have sinned are His own creation and their faculties to commit sin are also from Him? And how is it that He is not appeased unless He has punished them for many millions of years for a single sinful act? Is it possible to attain salvation or spiritual excellence under the rule of such a Parmeshwar?

Thus I reflected deeply and found both these religions opposed to righteousness. It is not possible for me to recount in this work all the obstacles in the path of God and the hopelessness that is encountered in these religions. In brief, these two religions offer no guidance to that God who is sought by pure souls and by finding whom man can achieve salvation in this very life and the gates of divine light can be opened for him and perfect love can be generated through His perfect recognition. Instead, they lead to the pit of ruin. There are other religions in the world similar to them, but they all fail to lead to the One God, who has no associate. They leave the seeker in darkness.

These are all the religions in the study of which I spent a great portion of my life. I reflected over their principles with utmost honesty

and diligence, but I found them all distant and estranged from the truth. Indeed this blessed religion, the name of which is Islam, is the only religion that leads to God Almighty and is the only religion which fulfils all the holy demands of human nature.

It is obvious that human nature expects perfection in everything and, since man has been created for the eternal worship of God, he cannot be content with some absurd fables concerning God, when his salvation lies in the recognition of that God. He does not wish to dwell in ignorance, but wants comprehensive knowledge of the perfect attributes of God as if to behold Him. This desire of man can be fulfilled only by Islam. Though in case of some, this desire is buried under carnal passions. Being veiled so strongly, those who crave worldly pleasures and are infatuated with the world, being utterly veiled, do not care for God nor seek His communion, because they worship the idol of materialism. But there is no doubt that one who frees himself of the idol of materialism and desires eternal and true bliss, cannot be satisfied by a religion that only has fables nor can he get any satisfaction from it. It is only through Islam that such a person can find his satisfaction. The God of Islam does not shut the door of His grace upon anyone. He is inviting everyone with open arms to come to Him. And the door is opened for those who eagerly run towards Him with all their strength.

I have, by the sheer grace of God, and not by any merit of my own, been accorded a full measure of the bounty, which was bestowed before me on the Prophets and Messengers[as] and the Chosen ones of God. It would not have been possible for me to receive this bounty had I not followed the ways of my **lord and master, the Pride of the Prophets, the Best of Mankind, Ḥaḍrat Muḥammad Muṣṭafā [the Chosen One], may peace and blessings of Allah be upon him.** Therefore, whatever I have attained, I attained due to this following and I know, through my true and perfect knowledge, that no man can reach God except by following the Holy Prophet, may peace and blessings of Allah be upon him, nor can anyone have a share of the complete cognition.

یہ بھی یاد رہے کہ صرف گناہ سے پاک ہونا انسان کے لئے کمال نہیں۔ ہزاروں کیڑے مکوڑے اور چرند و پرند ہیں کہ کوئی گناہ نہیں کرتے۔ پس کیا ان کی نسبت ہم خیال کر سکتے ہیں کہ وہ خدا تک پہنچ گئے ہیں۔ پس سوال یہ ہے کہ مسیح نے روحانی کمالات کے حاصل کرنے کے لئے کون سا کفارہ دیا۔ انسان خدا تعالیٰ تک پہنچنے کے لئے دو چیزوں کا محتاج ہے۔ اوّل بدی سے پرہیز کرنا۔ دوم نیکی کے اعمال کو حاصل کرنا اور محض بدی کو چھوڑنا کوئی ہنر نہیں ہے۔ پس اصل بات یہ ہے کہ جب سے انسان پیدا ہوا ہے یہ دونوں قوتیں اس کی فطرت کے اندر موجود ہیں۔ ایک طرف تو جذبات نفسانی اس کو گناہ کی طرف مائل کرتے ہیں اور دوسری طرف محبتِ الٰہی کی آگ جو اُس کی فطرت کے اندر مخفی ہے وہ اُس گناہ کے خس و خاشاک کو اس طرح پر جلا دیتی ہے جیسا کہ ظاہری آگ ظاہری خس و خاشاک کو جلاتی ہے مگر اُس روحانی آگ کا افروختہ ہونا جو گناہوں کو جلاتی ہے معرفت الٰہی پر موقوف ہے کیونکہ ہر ایک چیز کی محبت اور عشق اُس کی معرفت سے وابستہ ہے۔ جس چیز کے حسن اور خوبی کا تمہیں علم نہیں تم اس پر عاشق نہیں ہو سکتے۔ پس خدائے عزّ و جلّ کی خوبی اور حسن و جمال کی معرفت اس کی محبت پیدا کرتی ہے اور محبت کی آگ سے گناہ جلتے ہیں مگر سنت اللہ اِسی طرح پر جاری ہے کہ وہ معرفت عام لوگوں کو نبیوں کی معرفت ملتی ہے اور ان کی روشنی سے وہ روشنی حاصل کرتے ہیں اور جو کچھ اُن کو دیا گیا وہ اُن کی پیروی سے سب کچھ پا لیتے ہیں۔ ﴿۶۰﴾

مگر افسوس کہ عیسائی مذہب میں معرفت الٰہی کا دروازہ بند ہے کیونکہ خدا تعالیٰ کی ہم کلامی پر مہر لگ گئی ہے اور آسمانی نشانوں کا خاتمہ ہو گیا ہے۔ پھر تازہ بتازہ معرفت کس ذریعہ سے حاصل ہو۔ صرف قصوں کو زبان سے چاٹو۔ ایسے مذہب کو ایک عقلمند کیا کرے جس کا خدا ہی کمزور اور عاجز ہے اور جس کا سارا مدار قصوں اور کہانیوں پر ہے۔

اِسی طرح ہندو مذہب جس کی ایک شاخ آریہ مذہب ہے وہ سچائی کی حالت سے بالکل گرا ہوا ہے اُن کے نزدیک اِس جہان کا ذرہ ذرہ قدیم ہے جن کا کوئی پیدا کرنے والا نہیں۔ پس ہندوؤں کو اُس خدا پر ایمان نہیں جس کے بغیر کوئی چیز ظہور میں نہیں آئی اور جس کے بغیر کوئی چیز قائم نہیں رہ سکتی اور کہتے ہیں کہ اُن کا پرمیشر کسی کے گناہ معاف نہیں کر سکتا گویا اُس کی اخلاقی حالت انسان کی اخلاقی حالت سے بھی گری ہوئی ہے جبکہ ہم اپنے گنہگاروں کے گنہ معاف کر سکتے ہیں اور اپنے نفوس میں ہم یہ قوت پاتے ہیں کہ جو شخص سچے دل سے اپنے قصور کا اعتراف کرے اور اپنے فعل پر سخت نادم ہو اور آئندہ کے لئے اپنے اندر ایک تبدیلی پیدا کرے اور تذلل اور انکسار سے ہمارے سامنے توبہ کرے تو ہم خوشی کے ساتھ اُس کے گناہ معاف کر سکتے ہیں بلکہ معاف کرنے سے ہمارے اندر ایک خوشی پیدا ہوتی ہے تو پھر کیا وجہ کہ وہ پرمیشر جو خدا ہونے کا دعویٰ کرتا ہے جس کے پیدا کردہ گنہگار ہیں اور اُن کے گناہ کرنے کی طاقتیں بھی اسی کی طرف سے ہیں۔ اُس میں یہ عمدہ خلق نہیں اور جب تک کروڑوں سال تک ایک گناہ کی سزا نہ دے خوش نہیں ہوتا۔ ایسے پرمیشر کے ماتحت رہ کر کیوں کر کوئی نجات پا سکتا ہے اور کیوں کر کوئی ترقی حاصل کر سکتا ہے۔

غرض میں نے خوب غور سے دیکھا کہ یہ دونوں مذہب راستبازی کے مخالف ہیں اور خدا تعالیٰ کی راہ میں جس قدر اِن مذاہب میں روکیں اور نومیدی پائی جاتی ہے میں سب کو اِس ﴿۶۱﴾ رسالہ میں لکھ نہیں سکتا۔ صرف بطور خلاصہ لکھتا ہوں کہ وہ خدا جس کو پاک روحیں تلاش کرتی ہیں اور جس کو پانے سے انسان اِسی زندگی میں سچی نجات پا سکتا ہے اور اُس پر انوارِ الٰہی کے دروازے کھل سکتے ہیں اور اُس کی کامل معرفت کے ذریعہ سے کامل محبت پیدا ہو سکتی ہے۔ اُس خدا کی طرف یہ دونوں مذہب رہبری نہیں کرتے اور ہلاکت کے گڑھے میں ڈالتے ہیں ایسا ہی اِن کے مشابہ دنیا میں اور مذاہب بھی پائے جاتے ہیں مگر یہ سب مذاہب خدائے واحد لاشریک تک نہیں پہنچا سکتے اور طالب کو تاریکی میں چھوڑتے ہیں۔

یہ وہ تمام مذاہب ہیں جن میں غور کرنے کے لئے میں نے ایک بڑا حصہ عمر کا خرچ کیا

اور نہایت دیانت اور تدبر سے اُن کے اُصول میں غور کی مگر سب کو حق سے دور اور مہجور پایا۔ ہاں یہ مبارک مذہب جس کا نام اسلام ہے وہی ایک مذہب ہے جو خدا تعالیٰ تک پہنچاتا ہے اور وہی ایک مذہب ہے جو انسانی فطرت کے پاک تقاضاؤں کو پورا کرنے والا ہے۔ یہ ظاہر ہے کہ انسان کی ایک ایسی فطرت ہے کہ وہ ہر ایک بات میں کمال کو چاہتا ہے۔ پس چونکہ انسان خدا تعالیٰ کے تعبد ابدی کے لئے پیدا کیا گیا ہے اس لئے وہ اِس بات پر راضی نہیں ہوسکتا کہ وہ خدا جس کی شناخت میں اُس کی نجات ہے اُسی کی شناخت کے بارے میں صرف چند بے ہودہ قصوں پر حصر رکھے اور وہ اندھا رہنا نہیں چاہتا بلکہ چاہتا ہے کہ خدا تعالیٰ کی صفاتِ کاملہ کے متعلق پورا علم پاوے گویا اُس کو دیکھ لے۔ سو یہ خواہش اُس کی محض اسلام کے ذریعہ سے پوری ہوسکتی ہے۔ اگرچہ بعض کی یہ خواہش نفسانی جذبات کے نیچے چھپ گئی ہے اور جو لوگ دنیا کی لذات کو چاہتے ہیں اور دنیا سے محبت کرتے ہیں وہ بوجہ سخت محجوب ہونے کے نہ خدا کی کچھ پروا رکھتے ہیں اور نہ خدا تعالیٰ کے وصال کے طالب ہیں کیونکہ دنیا کے بت کے آگے وہ سرنگوں ہیں لیکن اس میں کچھ شک نہیں کہ جو شخص دنیا کے بت سے رہائی پائے اور دائمی اور سچی لذت کا طالب ہو وہ صرف قصوں والے مذہب پر خوش نہیں ہوسکتا اور نہ اُس سے کچھ تسلی پاسکتا ہے ایسا شخص محض اِسلام میں اپنی تسلی پائے گا۔ اِسلام کا خدا کسی پر اپنے فیض کا دروازہ ﴿۶۲﴾
بند نہیں کرتا بلکہ اپنے دونوں ہاتھوں سے بلا رہا ہے کہ میری طرف آؤ اور جو لوگ پورے زور سے اس کی طرف دوڑتے ہیں اُن کے لئے دروازہ کھولا جاتا ہے۔

سو میں نے محض خدا کے فضل سے نہ اپنے کسی ہنر سے اِس نعمت سے کامل حصہ پایا ہے جو مجھ سے پہلے نبیوں اور رسولوں اور خدا کے برگزیدوں کو دی گئی تھی۔ اور میرے لئے اس نعمت کا پانا ممکن نہ تھا اگر میں اپنے سیّد و مولیٰ **فخر الانبیاء اور خیر الوریٰ حضرت محمد مصطفیٰ** صلی اللہ علیہ وسلم کے راہوں کی پیروی نہ کرتا۔ سو میں نے جو کچھ پایا۔ اُس پیروی سے پایا اور میں اپنے سچے اور کامل علم سے جانتا ہوں کہ کوئی انسان

بجز پیروی اُس نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے خدا تک نہیں پہنچ سکتا اور نہ معرفت کاملہ کا حصہ پا سکتا ہے۔

﴿۶۳﴾

ل ال عمران :۳۲